# **Azadari Slogans & Messages - *A Closer Look***

We often come across the following slogans and messages in Muharram, some of which are quoted as traditions (*hadith*);

1. *'Being silent in the face of oppression makes one an oppressor himself.' (One must speak up and rise against oppression.)*
2. *'The Imam عليه السلام was a revolutionary leader who rose and fought against oppression (dhulm).'*
3. *'Every day is Ashura and every land is Karbala.' (Equating present circumstances, events and personalities to the event of Karbala.)*
4. *'Death with dignity is better than life with humiliation (zillat).'*
5. *'There is no benefit in only crying and mourning, without understanding the purpose (Maqsad) of 'Aza and bringing about change.'*
6. *'We must know what is the "Maqsad (aim)" of majalis and the "Maqsad" of the Imam عليه السلام going to Karbala & participate in its achievement'*

In the present era the practice of misusing famous sayings and slogans has become very common. What is worse is that these **sentences are taken to be factual without any investigation** as to whether they have come from the Holy Infallibles عليهم السلام.This leads to the propagation of erroneous thoughts which the youth in particular take to be facts, causing deviation. This careless approach is due to our unfamiliarity with our religion.

We are so particular about everything when it comes to matters of the world, however we agree with the words of just about anybody in matters of religion and accept it. In our worldly matters if we want to buy something cheap or expensive, whether it be a book or a car, we investigate many different sources as to whether it is useful and worth buying and consult others before we make a decision. If we paid the same attention to our religion, we would not treat it the way we are treating it today. We are also not willing to accept wrong for when it is wrong and instead choose to proudly put our own arguments in defense.

The minority of people who do try to learn about the religion often go after the wrong sources as a result of which they are given innovative interpretations of the religion. This leads to the very foundations of the religion becoming corrupted.

**The foundations of true religion are those, which the Aimmah عليهم السلام, their special companions, and the earliest scholars have explained.**

It is not as if a new religion has been founded in this century nor does the original religion require new interpretations and explanations.

The early scholars include all those who were close to the time of the Aimmah عليهم السلام. Surely they were better acquainted with the religion because they either took the religion directly from the Aimmah عليهم السلام or from the scholars of the smaller occultation and this chain has continued until today.

The compilers of the four major books (*Qutub Al-Arba'a*) and the scholars that followed them were pious and were familiar with the religion. Even today the foundations of this very religion flourishes in the Hawza of Najaf. Hence every 'new' thought can be investigated through the Hawza in Najaf.

History is witness to the fact that innovations in religion have been rejected by erudite scholars of the Najaf Hawza, such as Ayatullah Nai'ni, Sayed Mohsin al-Hakim and Sayed Khoei, whose knowledge and wisdom are well known and unparalleled to this day. Many of the Maraje' today are their students and state that no one is comparable to their teachers.

In our society, slogans such as these are spread, which on the surface appear to be 'intellectual' and fact-based but actually need careful analysis. In some cases, they are not in accordance with the teachings of the Ahlulbayt عليهم السلام whilst in other cases they are correctly worded but wrongly interpreted in a way that is destructive to our beliefs. Very much in the way that the *Khawarij* used the slogan of *'No rule except that of Allah'* about which Imam Ali عليه السلام said *'Kalematul haq youradu behal batil'* (Words are true but the interpretation is false). Hence knowingly or unknowingly people question the veracity of the teachings of the Ahlulbayt عليهم السلام. Let us now look at each one of the slogans in turn.

***Slogan 1. 'Being silent in the face of oppression makes one an oppressor himself.' (One must speak up and rise against oppression.)***

Our religion has given clear guidelines on *jihad*. If it did not give these guidelines, it would be incomplete and it is our responsibility to know what they are instead of doing as we please.

In the period of the major occultation, a believer is not free to do as he pleases but is bound by the rules of *shariah*. Obeying the *shariah* means that if a person himself is not a *mujtahid* he should accept the word of his *marja* whose *taqlid* he follows and find out if his *marja* has given any *fatwa*. If there is a *fatwa* he should act on it and if not he should refer to the scholar next in line. Under no circumstances can he disguise his own whims and desires under the garb of religion for if everyone started to make decisions about the religion based on their own thoughts the religion would be destroyed.

On this matter, narrations direct a believer to remain silent in the time of occultation. Imam Sadiq عليه السلام has said**, '***No one from our Ahlulbayt has ever done qiyam (stood up) in order to repel oppression or establish truth, and nor will do so before the qiyam of qaim. If one does so, calamities and misfortunes would surround him, resulting in an increase in difficulties and miseries for us (the Ahlulbayt) and our shias.' (Refrence: Sahifa Kamila Urdu pg.89, Mizan Al-Hikmah vol 1 pg.392 no 27307, Madinatul Maajiz Aiimatul Ithnaasher vol 6 pg.142.)*

In the life history of the Aimmah عليهم السلام we observe that almost all of the Ahlulbayt عليهم السلام were apparently silent in that they did not rise or openly counter or encourage rebellion against the tyrants of their time. This despite there being rampant oppression in society, particularly on their followers.

Examples include, Imam Ali عليه السلام being silent for 25 years after the Holy Prophet صلى الله عليه واله وسلم died. Imam Hasan عليه السلام signed the peace treaty and was silent thereafter for ten years whilst Imam Husain عليه السلام was silent for ten years prior to the event of Karbala. Even during the event of Karbala the Imam عليه السلام tried to convey the message of guidance without war. Imam Zainul Abideen عليه السلام spent his entire life after the event of Karbala mourning even whilst the horrifying event of Harra took place in which nearly 10,000 people, some of whom were memorizers of the Quran were killed, horses were tied in Masjid al-Nabawi and there was so much bloodshed that the blood had reached the grave of the Holy Prophet صلى الله عليه واله وسلم. Thereafter all the Aimmah up to and including in the era of the minor occultation remained silent.

There is no backing and more importantly no *ahadith* to the often-repeated statement that, '*Being silent in face of oppression makes one an oppressor himself.* It is therefore also improper to label all those who remain 'silent' in the face of oppression as oppressors since the Aimmah عليهم السلام were themselves silent! Or does the believer of today consider himself to have a better understanding of the religion than the Aimmah عليهم السلام themselves?

Hence instead of making emotionally based decisions about the religion, we need to get familiar with the *seerat* and sayings of the Masoomeen عليهم السلام so that our weak intellects can be guided to know when it is appropriate to raise our voices and when to keep silent.

**Slogan 2.** ***'The Imam* عليه السلام *was a revolutionary leader who rose and fought against oppression (dhulm).'***

There are two key words in this sentence. 'Revolutionary' (*inqilabi*) and 'rose' (*qiyam*). The slogan of 'rising up against oppression' has been covered in the first point above.

*Inqilab* means change and it is an attractive word which brings about positive emotion. Any positive change in society is known as *inqilab*. All the Holy Prophets and the Aimmah عليهم السلام strived hard and their actions were to direct society towards a change for good. Why is it then that only Imam Husain عليه السلام is associated with the word '*inqilab'*? This is done to replace the image of the 'oppressed Imam' عليه السلام and to portray him as the 'leader of an uprising', which distorts the picture of the event of Karbala. The purpose of this is to achieve one's own objectives by associating them with the event of Karbala and fight personal agendas under the cover of the event of Karbala, while ignoring the true teachings of the Ahlulbayt عليهم السلام.

We need to appreciate that Imam Husain عليه السلام going to Karbala was a result of particular circumstances and not a proactive assault, which can be termed as standing up against oppression. The circumstances were such that the Imam عليه السلام was forced either to pledge allegiance to a tyrant or to fight. There was no other option. The Imam's عليه السلام speech and writings show that he wanted an alternative solution so that the *ummah* could learn that while it was not possible for the Imam عليه السلام to do *bayyah*, neither was an uprising the solution.

If one ponders over this, one realizes that this was precisely the point at which Imam Ali عليه السلام adopted silence and Imam Hasan عليه السلام declared a truce .This is the method of the Holy Prophet and his Ahlulbayt عليهم السلام which was also followed by Imam Husain عليه السلام. In order to preserve Islam and due to certain reasons and realities Imam Husain عليه السلام did not want to declare war but wanted to resolve the issue without resorting to a fight. In similar circumstances, the other Aimmah عليهم السلام would have also adopted the same route and therefore to label the event of Karbala as standing up or revolting against oppression is inappropriate.

It is not possible for the Imam عليه السلام to pledge allegiance nor had any Imam before Imam Husain عليه السلام done so. *Bayyah* is to completely support and even give up your life for the person whose *bayyah* is done. It is not possible for a representative of Allah on earth to give allegiance to anyone, let alone a tyrant. The solution was to neither give *bayyah* nor to confront those in power which is what the sayings of the Aimmah عليهم السلام show and was the method followed by them. The 'revolution philosophy' created today is that any system which we do not follow or understand is an evil or false ideology and that its elimination is more important than the fundamental beliefs of Islam (*usool al-deen*). The root of this type of thinking is unknown.

***Slogan 3. Every day is Ashura and every land is Karbala.'*** *(Equating present circumstances, events and personalities to the event of Karbala.)*

There is no such tradition or authentic poetry found. Such slogans are coined to distort the essence of Karbala in order to reduce its importance and benefits. On the contrary, there is an authentic tradition from Imam Hasan عليه السلام which states quite the opposite, ***'There is no day like your day O Aba Abdullah.'*** (Reference: Muntahal Amaal by Sheikh Abbas Qummi).

Similarly, traditions mention the excellence of the land of Karbala in that it is better than the land of Makkah and the Ka'ba itself. It is therefore inappropriate for a believer to use such a slogan, which states that every land is Karbala. It is suspiciously similar to reducing the Holy Prophets' صلى الله عليه واله وسلم importance and status by stating that the Holy Prophet صلى الله عليه واله وسلم and the *Ahlulbayt* عليهم السلام are like ordinary human beings while it is clear that no human being can be like them.

Similarly, nothing can be equal to the Day of Ashura. Hence to equate the great sacrifice of God's chosen Imam عليه السلامto today's circumstances, events and personalities is downplaying the Imam's عليه السلام status and the event of Karbala.

Using the name of the greatest sacrifice to further one's own political agendas and to play with momineen's beliefs and emotions and equate the personalities of today to the incomparable personalities of God's infallible representatives عليهم السلام, is not only decreasing the importance of the event of Karbala but it also insults the religion of the Holy Prophet and his family عليهم السلام and is against hadith.

***Slogan 4. 'Death with dignity is better than life with humiliation.'***

This was the response of the Imam عليه السلام on the Day of Ashura when he was asked to accept Yazid's proposal of *bayyah*. It is referring to the fact that to die with dignity while being oppressed is better than a life in which one has to bear the humiliation of doing *bayyah* of Yazid.

This sentence is not meant to be taken as it presented nowadays. It refers to the dignity of Allah (SWT), the Holy Prophet صلى الله عليه واله وسلم and the believers, which Allah (SWT) declares to be as dignity.

**Dignity is certainly not those matters in which ego driven conflicts are initiated**. Today the issues which are presented as being that of 'dignity and humiliation' are in fact not so, and can be solved through patience, forgiveness and overlooking. Certain people, in order to achieve personal egos and agendas, under the garb of religion, fool the ordinary momin to the extent that he is willing to give up his life for this.

Such people have never tried and are not willing to understand the event of Karbala through the lens of it being an episode of oppression, because their personal and regional agendas and wars are associated with those slogans by which they invite their own people and others to put their lives in peril.

Most traditions when mentioning the event of Karbala, narrate the **oppression** on the Imam عليه السلام. The Holy Prophet صلى الله عليه وآله وسلم never mentioned that his son would die fighting against his enemies for 'honor'. The Imam عليه السلام only acts as per the will of Allah (SWT)!

***Slogan 5. There is no benefit in only crying and mourning, without understanding the purpose of 'aza and bringing about change.***

If the purpose of *majalis* and *azadari* is 'to change' or anything other than the 'love for and attachment to the Ahlulbayt عليهم السلام' then the following questions arise;

i. What change was Prophet Adam and all the other Holy Prophets bringing about when they mourned?
ii. The Holy Prophet صلى الله عليه وآله وسلم cried upon the birth of Imam Husain عليه السلام and he also cried at each mention of the event of Karbala. What was the purpose of such crying and what 'change' did he intend?
iii. Angel Jibrail brought the message of the event of Karbala to all the Prophets and cried at these occasions. So what was the purpose of this crying?
iv. Imam Ali عليه السلام mourned over the event of Karbala, so what was his philosophy for that?
v. Why did the daughter of the Holy Prophet (*peace be upon her*) mourn over her son even before the tragedy occurred and why did she ask about the mourners of her son?
vi. Imam Hasan عليه السلام at the time of his own martyrdom cried upon Imam Husain عليه السلام instead of his own self. For what purpose?
vii. All the other Aimmah عليهم السلام arranged mourning sessions for Imam Husain عليه السلام.

What *maqsad* (aim) was being mentioned in all the above-mentioned instances?

The one and only purpose in all the above examples was to mention the importance of '*aza* (mourning), narrate the event of Karbala, and to express attachment and love for Imam Husain عليه السلام.

The *Ayah of Mawaddah (42:23)* is clear in that, we being the *ummah* of the Holy Prophet صلى الله عليه وآله وسلم are duty bound to discharge the right of *mawaddah* (love) upon us. We are proud that Allah

(SWT) has guided us to and associated us with this group of mourners that recognizes the right of the Ahlulbayt عليهم السلام and tries extensively to give them their rightful due.

Every believer through *majalis*, '*aza*, gatherings of remembrance, crying, grief, *juloos*, *matam* and all such activities, announces that every part of their lives is for the Ahlulbayt عليهم السلام. If they are happy then he is happy and if they are sad then he is sad.

**The *Ayah of Mawaddah* clearly orders us to demonstrate and express love, hence narrating the merits and tragedies of the *qurba* (i.e. the Ahlulbayt عليهم السلام), is the best expression of love and attachment and as a consequence the preferred content of *majalis*.**

Imam Ridha عليه السلام is reported to have said to Rayyan son of Shabeeb, *'be happy in our happiness and be sad in our sadness'*. This sentence also points to the fact that happiness and sadness is all connected to Ahlulbayt عليهم السلام. Hence, the primary purpose of the *majalis* is to present condolences to the Ahlulbayt عليهم السلام, there being no other purpose.

It is **illogical and improper to seek a purpose for the expression of emotions** just as it is improper to seek reasons for the emotion of being sad and expressing condolences for your own loved ones. The source of *azadari* is *mawaddah* as demanded by the *Ayah of Mawaddah* and hence the basic goal of *azadari* is *mawaddah* of the Ahlulbayt عليهم السلام.

There are many other *ahadith* exhorting us to be sad when the Ahlulbayt are in grief. The *ahadith* exhort us to hold *majalis* and they only refer to grief, crying and *dhikr* of Ahlulbayt and nothing else.

There is **not a single tradition to support the view that such *majalis* must or preferably include propagation or social causes.** In fact, this *hadith* - 'adorn your sittings with the remembrance of Ali عليه السلام', indicates that the real adornment is the remembrance of the excellences of Imam Ali عليه السلام.

***Slogan 6. We must know what is the 'maqsad' (aim) of majalis and the maqsad of the Imam going to Karbala?***

The purpose of *Majalis*, and the purpose of the Imam عليه السلام going to Karbala are two very different issues and it is not necessary for both to be the same.

As far as the purpose of the Imam عليه السلام is concerned, there is no *hadith* which tells us about this purpose, except one in *Bihar Al-Anwar* by Allamah Majlisi on the authority of Asam Kufi (a *hadith* which some *ulema* consider weak). In this hadith the Imam عليه السلام gives his will to Mohammad al-Hanafiya on leaving Medina and explains that he is going for the rectification of

the *ummah* of his grandfather and to enjoin good and forbid evil (*amr bil maroof and nahi anil munkar*) and his path would be as per the traditions the Holy Prophetصلى الله عليه واله وسلم and his father. He also clarified that if this was not accepted then he would be patient (and not fight).

This was the crossroad where on one side was the '*wilayah* and *khilafah'* and on the other the 'survival of the religion'. When Imam Ali عليه السلام was faced with a similar situation, he chose the survival of the religion over his right. Imam Hasan عليه السلام also chose the path of truce. It was precisely this *seerat* that Imam Husain عليه السلام was following for the preservation of the religion. He did not want to fight but rather tried to resolve issues without violence. This was the reaction of all Aimmah عليهم السلام in similar situations. Hence, to equate the purpose of the event of Karbala as an 'uprising against oppression' is inappropriate. Thus, the event of Karbala is a chronicle of tragedy and oppression and not of an uprising or war as often portrayed. The Imam عليه السلام took with himself his women and children which is ample evidence that his purpose was guidance and not an uprising.

This guidance was not limited to the jurisprudential details of prayers and fasting but to save the very roots of the religion, which were in danger whereby belief in the oneness of God, Prophet hood and the resurrection were being denied from the pulpits of Syria.

As regards to the purpose of *azadari*, it is the narration of the tragedy and oppression as already mentioned in the previous point, which is an expression of the *mawaddah* which every believer has with the Ahlulbayt عليه السلام.

Those who claim that the purpose of Imam Husain's عليه السلام stand was an uprising or that the purpose of *'aza* is only the propagation of Islamic rulings, are either not aware of the foundations of the religion or purposely want to disassociate *azadari* with *mawaddah* and the excellences of the Ahlulbayt عليه السلام.

They are knowingly or unknowingly following the footsteps of the enemies of Imam Ali عليه السلام. They, in order to divert the attention of people from the actual religion and *wilayah* of Ameerul Momineen عليه السلام exclusively put people onto the path of worshipping so that they become forgetful of the roots of the religion and the *wilayah* of Ameerul Momineen عليه السلامand became forgetful of those who usurped his rights.

Those who want the religion to be bereft of love and emotional attachment to the Ahlulbayt عليهم السلام sow the seeds of these ideas into the minds of people thus misguiding them. Centuries have passed narrating the tragedies of the Aimmah عليهم السلام and in doing *'aza* and *matam*, but the Wahhabi thought, which is now being sowed in the past few years within Shi'ism and particularly in *azadari* is very disturbing. This has dealt such a blow to the hearts of the believers that today the very foundations of momin's beliefs are shaky.

# **Azadari Slogans & Messages - *A Closer Look***

When philosophical and '*irfani'* thought promoters ,propagated their beliefs & views to the simple minded (not-so-astute )believers ,particularly of the subcontinent, it spoilt their beliefs and foundations and put them on such paths that not only damaged the message of the Ahlulbayt عليهم السلام but in reality it completely distorted it

*Azadari* which was and is an expression of love towards the oppressed Imam عليه السلامand a method of condolence to the Holy Prophet صلى الله عليه وآله وسلم and his daughter (*peace be upon her*) is similarly attacked. Under the name of 'Protest (Ehtijaj)' it is now used to misguide the nation.

*Majalis* which are supposed to be the narration of the tragedies and excellences of the Ahlulbayt عليهم السلام have been spoilt by being labelled as '*tabligh'* in which 'economic and social matters' are discussed.

Whist all these matters are important and indeed should be discussed in lectures **throughout the year** wherein people are invited to act upon such matters and learned persons can discharge their duties from the pulpits, even the Ahlulbayt عليهم السلام would speak about different issues throughout the year, but however, the days of mourning are almost exclusively for narrating the excellences of the Ahlulbayt عليهم السلام and the tragedies that befell them.

18 August 2020

## شبہات اور ان کے جوابات

ایامِ عزاء کی آمد کے ساتھ ہی ہمیں مندرجہ ذیل پیغامات اور نعروں کا بھی سامنا کرنا پڑتا ہے، جن میں سے کچھ کو تو من گھڑت احادیث سے منسوب بھی کر دیا جاتا ہے۔

1. ‘امام (علیہ السلام) ایک انقلابی رہنما تھے جنہوں نے ظلم کے خلاف قیام کیا اور جنگ کی’۔
2. ‘ظلم کے سامنے خاموش رہنا ایسا ہی ہے جیسے کہ آپ خود ظالم ہیں’
3. ‘ہر زمین کربلا اور ہر دن عاشورا ہے’ (کل یوم عاشوراء و کل ارض کربلا)
4. ‘ذلت کی زندگی سے عزت کی موت بہتر ہے’ (موت فی عز خیر من حیاۃ فی ذل)
5. ‘اگر ہم مجالس کے مقصد کو نہیں سمجھ رہے اور اپنے اندر تبدیلی نہیں لا رہے ہیں، تو پھر صرف رونے اور عزاء برپا کرنے سے کیا فائدہ؟’
6. امام(علیہ السلام) کا کربلا تشریف لانے کا مقصداور مجالس کے انعقاد کا مقصد ۔

آج کے دور میں مشہور جملوں سے غلط استفادے کا رواج بہت عام ہو چکا ہے۔ بلکہ حد تو یہ ہے کہ کسی بھی جملے کو اچھا سمجھ کر بغیر تحقیق کیے کسی معصوم ؑ کی طرف نسبت دے دی جاتی ہے ، جس کا نتیجہ گمراہی اور غلط افکار کے فروغ کی صورت میں نکلتا ہے اور پھر نوجوان اسی کو دین اور حقیقت سمجھ لیتے ہیں ۔

اس روش میں جہاں میڈیا کا عمل دخل ہے وہیں ہماری دین کے معاملات سے نا آشنائی اور سہل انگاری کا بڑا قصور ہے ۔ ہم دنیا کے معاملات میں تو بڑی جد و جہد کرتے ہیں کہ مال ضائع نہ ہوجائے لیکن دین کے معاملے میں ہر کس و ناکس کی بات کو قابل اعتبار سمجھ کر پیروی کرنا شروع کردیتے ہیں۔ ایک مثال پیش کروں تا کہ اصل گفتگو واضح کر سکوں،معاشرے میں جب کسی بھی ادنیٰ یا اعلیٰ چیز چاہے وہ موٹرسائیکل ہو یا جوسر مشین ، گاڑی ہو یا گھر ،سبزی ہو یا کتاب خریدنے سے پہلے کئی زاویوں سے تحقیق کی جاتی ہے کہ اچھا ہے کہ برا ،قدر و قیمت اتنی ہے یا نہیں،چیز صحیح ہے یا خراب ،ہمارے کام میں فائدہ دے گی یا نہیں اور پھر کئی لوگوں سے مشورے کے بعد ایک چیز کی طرف قدم بڑھتا ہے ،میرا سوال یہ ہے کہ کیا انسان کا گھر ،گاڑی یا موٹرسائیکل کی قدر و قیمت زیادہ ہے یا دین کی ؟

دین کی قیمت اگر ہم اتنی ہی سمجھتے تو یقیناً وہ نہ کرتے جو ہم آج دین کے ساتھ کر رہے ہیں، پھر سونے پر سہاگا یہ کہ اس غلطی کو ہم غلطی بھی نہیں سمجھتے اور بڑے فخر سے اس پر بحث و مباحثہ کرتے ہیں ۔

کبھی ہم نے درِ اہلبیت ؑ پر آکرتاریخ و حدیث کا مطالعہ کیا ؟ کبھی کسی عالم سے کسی حدیث کے معنی و مفہوم کو سمجھنے کے لیے سوال کیا ؟ کسی کتاب کو پڑھنے کی کوشش کی یا کبھی دین سیکھنے کے لیے وقت نکالا جیسے دنیا کے معاملات سیکھنے کے لیے نکالتے ہیں؟

حد تو یہ ہے کہ اگر چند لوگوں نے دین کی طرف رغبت اختیار کرنے کی کوشش بھی کی تو ایسی جگہوں سے جہاں خود دین کے نام پر کچھ اور تھا ،جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ ایسے نت نئے دین اور اس کی تشریحات کے پیچھے لگا دیئے گئےکہ جن کے ذریعے دین کی بنیادیں اور خراب ہو گئیں۔ ۔ اس بات کے شواہد کو سمجھنے کے لیے یہ کلی قانون ذہن نشین رہے کہ اصل دین کی بنیاد وہی ہے کہ جو بزرگان (ائمہ ؑ اور ان کے بعد ان کے اصحاب خاص اور قدیم علماء) بیان کرگئے ، ایسا قطعا نہیں ہے کہ اس صدی میں کوئی نیا دین ایجاد ہو گیا ہو یا اس کی تشریحات اس صدی میں تبدیل ہو گئی ہوں ۔ بزرگان میں وہ سب شامل ہیں جو عہد امامت سے قریب رہے۔ یقینا وہ زیادہ اس بات سے واقف تھے کہ دین کیا ہے ؟ کیوں کہ یا تو انہوں نے دین بلا فاصلہ امام ؑسے لیا یا پھر ان علماء سے کہ جو غیبت صغریٰ کے دور میں تھے اور پھر یہ سلسلہ چلتے چلتے یہاں تک پہنچا۔کتب اربعہ کے مولّفین ہوں یا ان کے بعد کے علماء سب بڑے مقدس اور دین شناس تھے۔

آج بھی اسی دین کے بنیاد یں نجف اشرف کے حوزہ میں موجود ہیں اور علماء اسی نظریے کے تحت باقی ہیں۔اس لیے ہر نئی سوچ کو پرکھنے کا ایک ذریعہ یہی نجف کا حوزہ ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب نئی افکار کی بات آئی تو کچھ عرصہ قبل بھی ہمیں یہ محسوس ہوا کہ نجف کے بڑے جید علما ء نے اسے قبول نہیں کیا کہ جن کے علم و حکمت کا چرچا آج بھی دنیا میں ہے اور آج بھی ان جیسے علماء کا مقابل کوئی نظر نہیں آتا کہ جن میں آقائے نائینی ،آقائے محسن الحکیم اور آقائے خوئی کے نام ذکر ہیں بلکہ آج زندہ مراجعین میں سے ہر ایک ہی انہیں کے شاگرد نظر آتے ہیں اور اقرار بھی کرتے ہیں بھی ہمارے استادوں جیسا کوئی نہیں تھا اور نہ کوئی ہے۔

آج اس پر آشوب دور میں ہمارے معاشرے میں اس طرح کے پیغامات اور نعرے پھیلائے جارہے ہیں ،ظاہری طور پہ بہت عقل مندانہ اور حقیقت پر مبنی معلوم ہوتے ہیں، لیکن ان تمام نعروں کو تسلیم کرنے سے پہلے ایک محتاط تجزیے کی ضرورت ہے، کیونکہ کچھ نعرے ائمہ(علیہم السلام) کی تعلیمات کے مطابق نہیں ہیں اور بعض کے الفاظ صحیح ہیں تو ان کے ذریعے جو پیغام پہنچایا جارہا ہے ،وہ ہمارے عقائد اور اعتقادات کو شدید نقصان پہنچانے والا ہے۔جیسا کہ مولائے کائنات ؑ کے زمانے میں یہ نعرہ خوارج نے لگایا تھا(لاحکم الاللہ) جس کے بارے میں مولا ؑ نے فرمایا:کلمۃحق یراد بھا الباطل (جملہ حق ہے مگر اس سے معنی باطل مراد لیے جا رہے ہیں)۔ یعنی حکم یقیناً اللہ کا ہی ہے جو حق ہے لیکن اس کا مطلب ان خوارج نے وہ لیا، جو وہ چاہتے تھے یعنی مولا علی ؑ کو کافر قرار دے کر جھٹلا دیا جائے ۔

ایسے نعرے آج بھی معاشرے میں گونجتے ہیں کہ جس کے لفظ تو اچھے ہوتے ہیں لیکن سراسر اہلبیت ؑ کی تعلیمات کے خلاف ہوتے ہیں اور حقیقت میں ایسے لوگ جانے انجانے میں اہلبیت ؑ اور ان کی تعلیمات کی حقانیت پر اعتراض کر رہے ہوتے ہیں ۔

## ‘ظلم کے سامنے خاموش رہنا ایسا ہی ہے جیسے کہ آپ خود ظالم ہیں’

کیا جہاد کرنا یا لڑناایسا عمل نہیں ہے کہ جس کے بارے میں دین نے کوئی حکم نہ دیا ہو ؟ اگر نہیں دیا تو دین ناقص ہوجائے گا اور اگر دیا ہے تو ہماری ذمہ داری ہے کہ اسے معلوم کریں، نہ کہ جو کچھ اور جیسا عمل سمجھ میں آئے وہ کرتے چلے جائیں۔اس لیے کہ یہ بات ایک مومن کے لیے بالکل واضح ہونی چاہیے کہ انسان غیبت کے زمانے میں آزاد تو قطعاً نہیں ہے کہ جیسا جی چاہے کرے ؟بلکہ آ ج بھی شریعت کا اسی طرح پابند ہے جیسا کہ ہر دور کا انسان رہا ہے۔

دور غیبت میں شریعت کی پابندی کا مطلب ہے کہ انسان اگر خود مجتہد نہیں تو اپنے مرجع ِتقلید کی بات کو تسلیم کرے اور معلوم کرے کہ آیا اس نے اس بات سے متعلق کوئی فتویٰ دیا بھی ہے یا نہیں۔ اگر فتوی ہوتو اس پر عمل کرے اور اگر نہ ہو تو فالاعلم کی طرف رجوع کرے۔لیکن کسی بھی صورت انسان اپنی مرضی چلانے کو دین کا لبادہ نہیں اوڑھا سکتا۔ اگر ہر انسان اپنی سوچ کے مطابق دین کے فیصلے کرنا شروع کردے تو دین برباد ہوجائے گا جیسا کہ ہوتا نظر آرہا ہے۔

جہاں تک روایات کا تعلق ہے تو وہ بھی اسی بات کی طرف اشارہ کرتی نظر آتی ہیں کہ غیبت کے دور میں مومن خاموش رہے۔

جہاں تک سیرت اور تاریخ کا تعلق ہےتو وہاں بھی اس بات کے شواہد موجود ہیں کہ زیادہ تر آئمہ (علیہم السلام) ظاہری طور پر ایسے وقتوں میں خاموش تھے، نہ تو ظلم کے خلاف ایسا قیام کیا، نہ کھلم کھلا ان کی مخالفت کی اور نہ اس وقت کے ظالم کے خلاف بغاوت کی حوصلہ افزائی کی، جبکہ اس وقت معاشرے میں بالخصوص مومنین پر افسوس ناک ظلم روا رکھا گیا تھا۔جن مواقع کی بعض مثالیں ذکر کی جارہی ہیں۔

بالخصوص حضور(صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی رحلت کے بعد امام علی(علیہ السلام) پچیس سال تک خاموش رہے پھر امام حسن علیہ السلام نے صلح فرمائی اور اس کے بعد کےدس سال کی خاموشی ، واقعہ کربلا سے پہلے امام حسین (علیہ السلام) کی دس سال تک خاموشی اور حتی واقعہ کربلا میں بھی مسلسل مولاً اسی بات کی کوشش کرتے رہے کہ جنگ کے بغیر پیغام ہدایت پہنچ جائے اسی طرح امام زین العابدین (علیہ السلام) کربلا کے بعد اپنی پوری زندگی کربلا والوں کے سوگ میں گذارتے رہے جس میں حرّہ کا خوفناک واقعہ بھی شامل ہے جس میں دس ہزار اصحاب اور سینکڑوں حافظان قرآن قتل کیے گئے اور مسجد نبوی میں گھوڑے باندھے گئے اور اتنا خون بہا کہ قبر رسول صلی اللہ علیہ و آلہ تک پہنچ رہا تھا لیکن پھر بھی امام سجاد ؑ خاموش رہے، پھر اس کے بعد تمام أئمہ معصومین ؑ بشمول غیبت صغری اور غیبت کبری ہر مقام پر یہی رویۂ اہلبیت علیہم السلام نظر آتا ہے۔

اگر یہ کہا جائے کہ جو لوگ ظلم کے دوران/ اس کے خلاف خاموش رہتے ہیں وہ خود ظالم ہیں ، تو یہ عنوان بھی سراسر غلط ہے کیونکہ اس فلسفے سے تو نعوذ باللہ ہر امام معصوم ؑ کا یہی عمل رہا ہے تو کیا آج کا مسلمان ائمہ اطہار ؑسے بھی زیادہ اپنے آپ کو سمجھدار سمجھتا ہے کہ امام ؑکے عمل پر اعتراض کرے؟ ۔اس لیے کسی بھی نعرے پر بھروسہ کرنے سے پہلے اس بات پر غور کرنا چاہیے کہ ہمیں دین اسلام میں داخل ہونے کا کہا گیا ہے کہ جس کے احکامات پروردگار نے قیامت تک کے لیے معین فرمادیئے ہیں اور اب اس میں کسی کو بھی (نعوذباللہ) اپنی مرضی سے تبدیل کرنے کا کوئی اختیار نہیں ۔

اس لیے بجائے اس کے کہ اپنے ذہن اور دل کے جذبات سے دینی احکامات میں فیصلے کیے جائیں (جو کہ ان معاملات میں حتماً غلط ہیں) صحیح راستی یہی ہے کہ امام معصوم ؑ کی ہی سیرت اور اقوال سے آشنائی بڑھائی جائے تا کہ ہماری ناقص عقل کو

رہنمائی اور لگام مل سکے، کیونکہ و ہی بہتر جانتے ہیں کہ کب کس کے خلاف آواز اٹھانا یا اقدام کرنا مناسب ہے اور کب نہیں۔

## ‘امام (علیہ السلام) ایک انقلابی رہنما تھے جنہوں نے ظلم کے خلاف قیام کیا اور جنگ کی’۔

اس جملے میں دو طرح کے لفظ استعمال ہوئے ہیں ۔انقلاب اور ظلم کے خلاف قیام ۔

ظلم کے خلاف قیام کو بیان کیا جا چکا ہے ، اب رہ جاتا ہے انقلاب ،تو اس کے معنی ہیں تبدیلی ،یہ بہت جاذب لفظ ہے کہ جس کوسن کر انسان اچھا محسوس کرتا ہے۔عام طور پر معاشرے میں مثبت تبدیلی کو انقلاب کے لفظ سے بیان کیا جاتا ہے۔ اس انداز سے دیکھا جائے تو ہر نبی ،رسول اور امام اسی لیے مبعوث کیا گیا کہ معاشرے کو برائی سے نکال کر اچھائی کی طرف گامزن کرے پھر صرف امام حسین ؑ کو ہی کیوں اس لفظ سے مختص کیا جارہا ہے؟ اس کا مطلب سمجھنے کے لیے درج ذیل حقائق پر توجہ کرنے کی ضرورت ہے۔

جیسے انقلاب کو امام حسین ؑ کے لیے ثابت کرنے کے لیے زور لگایا جا رہا ہے وہ اصل میں اس کربلا کے نظریے کو خراب کر کے پیش کیا جاتا ہے کہ جس میں امام حسین ؑ کی مظلومیت کو ہٹا کر ایک جنگی قیام کے اعتبار سے تعبیر کیا جاتا ہےتاکہ پھر اس کے ذریعے اپنی تمام تر انانیت اورحکومت کی جد و جہد کو کربلا سے منسوب کیا جاسکے اور عوام کو اس بات کے لیے آمادہ کیا جاتا ہے کہ دنیا جہان میں کربلا کے نام پر دین اہلبیت ؑ کی تعلیمات چھوڑ کر ایک ملک کی سیاست اور بقا کی جنگ کو کربلا کی آڑ میں لڑا جا ئے۔

اس بات کو سمجھنے کی کوشش کریں کہ امام (علیہ السلام) کا کربلا جانا حالات کا ردعمل تھا، نہ کہ ابتدائی حملہ کہ جسے قیام کہا جاتا ہے –

حالات ایسے تھے کہ آپ (علیہ السلام) کو ‘مجبور’ کیا گیا کہ یا تو بیعت کریں یا پھر جنگ، اس کے علاوہ اور کوئی راستہ نہ چھوڑا گیا جبکہ امام ؑ کے کلمات اور خطبات سے یہی بات سمجھ میں آتی ہے کہ امام ؑ کسی اور راہ حل کی طرف جانا چاہتے تھے تاکہ امت کو اس بات کی ہدایت ہوسکے کہ امام ؑ کے لیے بیعت کرنا ممکن نہیں ہے اور جنگ کا قیام اس بات کا حل نہیں تھا ۔اگر غور کیا جائے تو یہی وہ دوراہہ تھا جہاں امیرالمؤمنین ؑ نے خاموشی اختیار کی ،امام حسن مجتبیٰؑ نے صلح فرمائی تھی۔یہی سیرتِ رسول ؐ اور سیرت

اہلبیت ؑ تھی کہ جس کی پیروی امام حسین ؑ کررہے تھےاور دین اسلام کی بقا کی خاطر کچھ وجوہات کے سبب اور حقائق کے پیش نظر جنگ کرنا نہیں چاہتے تھے ،اسی لیے امام ؑ جنگ کے بغیر ان معاملات کو سلجھانا چاہتے تھے۔

اسی طرح دوسرے تمام آئمہ(علیھم السلام) کا بھی اس طرح کے حالات پر یہی ردعمل ہوتالہٰذا اس واقعہ کو ظالم کے خلاف بغاوت یا ظلم کے خلاف قیام کرنے کے برابر سمجھنا غیر مناسب ہے۔

جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ امام ؑ بیعت کریں تو یہ ممکن نہیں تھا اور نہ ہی کسی امام ؑ نے پہلے کبھی کسی کی بیعت کی تھی ۔ بیعت کا مطلب ہے کہ انسان اپنی تمام تر حمایت حتٰی اپنی جان کا اختیار بھی دوسرے کے سپرد کردے ، یہ کیسے ممکن ہوسکتا تھا کہ حجت خدا کسی سرکش شیطان کی بیعت کرلے،یہ ممکن نہیں تھا ۔ یہ زمین پر اللہ کے نمائندے کا معاملہ تھا کہ وہ اپنا اختیار ، ظالم حاکم کوحوالے کر دے ، جو کہ ظاہر ہے کہ نہیں ہو سکتا تھا، جب کہ اس کا دوسرا راہ حل یہی تھا کہ نہ بیعت ہو اور نہ حکومت سے ٹکراؤ جیسا کہ امام ؑ اپنے فرامین کے ذریعے سے بتا بھی رہے تھے اور کم و بیش یہی روش بقیہ ائمہؑ بھی رہی ۔

جبکہ آج انقلابی فکر کے نام پر جس غنڈہ گردی کا ماحول بنایا گیا ہے اس سے تو انسان کی وہ تصویر سامنے آتی ہے کہ بس جو فکر ہماری سمجھ میں نہ آئے وہ نہ فقط غلط ہے بلکہ ایسا باطل ہے کہ جسے نیست و نابود کرنا اصول دین سے بھی بڑھ کر ذمہ داری بن گئی ہو،جبکہ نہ اس فکر کی بنیاد کا معلوم ہوتا ہے اور نہ ہی رد عمل سے متعلق ذمہ داری ۔ بلکہ کسی عالم کو وقت کا حسین ؑ بنا دینا اور اصحاب کے نام سے لوگوں کو منسوب کرتے چلے جانا کہ جن کے بارے یہ بھی نہیں معلوم وہاں کی صحیح صورت حا ل کیا ہے ۔۔ کیا یہ چیز شرعاً جائز بھی ہے یا نہیں۔۔۔؟

اس موضوع پر یقیناً اتنے سوالات ہیں کہ جن پر تحقیق کرنا از حد ضروری ہے اور جس کے بغیر کسی بھی فتنے سے بچنا نا ممکن ہے ۔

جبکہ اس تصویر کی دلیل کے طور پر عام مسلمانوں کو امام حسین ؑ کے واقعے سے غلط انداز سے مربوط کر دیا جاتا ہے کہ جس سے امام حسین ؑ اور واقعہ ٔ کربلا کی بھی توہین ہوتی ہے اور امامت کو بھی سلطنت اور بادشاہت کی طرح بنانے کی کوشش کی جاتی ہے۔

## ‘ہر زمین کربلا اور ہر دن عاشورا ہے’(ہر دن کو روز عاشورا سمجھنا۔ اور آج کے حالات /واقعات اور شخصیات کے برابر سمجھنا)

کل یوم عاشورا،کل ارض کربلا کا جملہ نہ ہی کسی طرح کی حدیث ہے اور نہ ہی یہ کوئی مستندشعار ہے بلکہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ روح کربلا کو محو کرنے کے لیے تاریخ میں ایسے شعار اور نعرے بنائے گئے تا کہ کربلا کی کی اہمیت اور ا فادیت کو نقصان پہنچایا جا سکے۔ بلکہ سیرت امام حسن مجتبیٰ ؑ میں اس کے برخلاف ایک جملہ ثابت ہےکہ جس میں امام حسن (علیہ السلام) نے فرمایا ہے کہ

**لایوم کیومك یا اباعبداللہ ؑ ( اے ابا عبداللہ ؑ !آپ ؑکے دن (عاشورا) جیسا کوئی دن نہیں ہے)**

اسی طرح روایات میں جو زمین کربلا کے فضائل ذکر ہوئے ہیں وہ حتٰی مکہ اور کعبہ کی سرزمین سے بڑھ کر ہیں ،تو کیسے ممکن ہے کہ کوئی مؤمن یہ نعرہ لگا دے کہ ہر زمین کربلا ہے ،بلکہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ یہ اسی طرح کا نعرہ ہے کہ جیسے کبھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی شان کم کرنے کے لیے ان کے بارے میں غیروں نے یہ نعرہ لگایا کہ رسول ﷺ ہم جیسا اور کبھی اہلبیت ؑکے بارے میں کہا گیا کہ وہ ہم جیسے۔ ان تمام باتوں سے یہ بات واضح ہے کہ نہ رسول ﷺ اور اہلبیت ؑ جیسا کوئی ہو سکتا ہے اور نہ عاشورا اور کربلا کی طرح کوئی قرار پا سکتا ہے۔

لہٰذا زمین اور آسمانوں میں موجود اس حجت خدا کی عظیم قربانی کو آج کی موجودہ شخصیات یا حالات و واقعات سے مشابہت دینا دراصل امام (علیہ السلام) کے مرتبے کو کم کرنا ہے۔ اس عظیم قربانی کےنام پر اپنی سیاست کرنا اور لوگوں کے ایمان اور جذبات سے کھیلنا اور موجودہ شخصیات کو ان عظیم افراد کے برابر سمجھنا نہ صرف اس کی اہمیت کو کم کر تا ہے بلکہ یہ دین محمد و آل محمد علیہم السلام کی توہین ہے اور روایات کے بھی برخلاف ہے۔

## ‘ذلت کی زندگی سے عزت کی موت بہتر ہے’

یہ جملہ مولا ؑ نے عاشور کے روز اس وقت ارشاد فرمایا کہ جب ان سے کہا جارہا تھا کہ آپؑ یزید کی بات مان لیں تو مولا حسین ؑ نے اس کے جواب میں ارشاد فرمایا۔ یہ اس

بات کی طرف اشارہ تھا کہ مظلومیت کے ساتھ موت قبول کرنا بہتر ہے کہ جس میں عزت ہو ،ایسی زندگی سے کہ جس میں یزید کی بیعت کرنے کی ذلت اٹھانی پڑے۔ یہ جملہ بھی ویسا نہیں ہے کہ جیسا کہ آج پیش کیا جاتا ہے ۔یہاں جس عزت کا تذکرہ ہے وہ اللہ ،رسولؐ اور مؤمنین کی وہ عزت ہے جسے اللہ عزت قرار دیتا ہے ۔ یقینا ایسے معاملا ت نہیں کہ جنہیں ہم اپنی انا کا مسئلہ بنا کر جھگڑے کی بنیاد قرار دے دیتے ہیں ۔آج جیسے مسائل کو عزت اور ذلت کی جنگ بنا کر پیش کیا جاتا ہے ،ان میں سے اکثر معاملات حلم وبردباری اور عفو و درگزر سے تعلق رکھتے ہیں ۔ لیکن جیسا کہ ذکر کیا گیا جب انا اور ذاتی عناد درمیان میں ہو تو دین کا لبادہ اوڑھنے والے کچھ لوگ ایسے عوام کو بیوقوف بنا دیتے ہیں اور یہ بیچارے عام لوگ اس پر اپنی جان نچھاور کرنے کو تیار ہوجاتے ہیں۔ ان لوگوں نے کربلا کے واقعے کو کبھی مظلومیت کے عنوان سے سمجھنے کی کوشش ہی نہیں کی اور نہ ہی وہ چاہتے ہیں کیونکہ ان کے ذا تی اور علاقائی مفادات انہیں نعروں سے وابستہ ہیں کہ جس کے ذریعے وہ اپنی جنگ میں اپنی عوام اور دوسری اقوام عالم کو جھونکتے ہیں ۔

جبکہ اکثر روایات اہلبیتؑ میں جب بھی کربلا کو یاد کیا گیا مولا حسینؑ کی مظلومیت کا تذکرہ ہوا نہ کہ اس بات کا کہ کبھی رسولؐ نے ایسا کہا ہو کہ (نعوذ باللہ) میرا بیٹا حسینؑ اپنی عزت و انا کی خاطر دشمنوں سے جنگ کرے گا بلکہ جو کچھ مولا حسینؑ نے انجام دیا وہ مشیتِ الٰہی کا مصداق تھا ۔

## 5. مجالس میں گریہ و ماتم۔ ایک اہم مقصد’اگر ہم مجالس کے مقصد کو نہیں سمجھ رہے اور اپنے اندر تبدیلی نہیں لا رہے ہیں، تو پھر صرف رونے اور عزاء برپا کرنے سے کیا فائدہ؟’

اگر رونے اور عزا ء برپا کرنے کا مقصد تبدیلی ہوتی یا مودت اور عقیدت کے علاوہ کچھ اور ہوتا تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ پھر :

1. حضرت آدمؑ ، حضرت ابراہیمؑ اور دیگر انبیا ء کونسی تبدیلی لا رہے تھے؟
2. خاص طور پر آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم جب پیدائش پر گریہ فرما رہے تھے اور ساری زندگی جب بھی اس واقعے کو یاد فرمایا گریہ کررہے تھے تو کونسی تبدیلی کی بنا پر تھی ؟
3. حضرت جبرائیلؑ جو اکثر انبیاء پر یہ پیغام پہنچا کر گریہ کر رہے تھے اس کا مقصد

کیا تھا ؟

4. مولائے کائنات امیرالمؤمنین ؑ جب گریہ فرما رہے تھے تو کونسا فلسفہ تھا؟

5. شہزادی ،بنت رسول علیہا السلام اپنے بیٹے کی مصیبت پر گریہ کیوں فرما رہی تھیں جب کہ اب تک تو مصیبت آئی بھی نہ تھی؟ اور کیوں اپنے بابا سے اپنے بیٹے کے غم گسار وں کا سوال کر رہی تھیں؟

6. امام حسن مجتبیٰؑ اپنی شہادت پر اپنی مصیبت کے بجائے امام حسین ؑ کی مصیبت پر گریہ کر رہے تھے؟

7. بقیہ تمام أئمہ معصومینؑ بھی گریہ اور بکاء کرواکر کونسے مقصد کا تذکرہ فرمارہے تھے؟

ان تمام امور کی وجہ فقط اور فقط یہ تھی کہ اما م حسین ؑ کی اہمیت ،مظلومیت اور ان سے عقیدت کا اظہار کیا جائے۔

آیۃ مودۃ القربی ( 42:23 ) سے واضح ہے اور ہم بطور امت اس حق مودت ادا کرنے کے پابند ہیں اور ہمیں اس بات پر فخر ہے کہ پروردگار نے ہمیں اس قوم سے قرار دیا جو ہدایت یافتہ اور حق اہلبیت ؑ سے آشنا بھی ہے اور اسے ادا کرنے کی بھرپور کوشش بھی کرتا ہے۔

ہر مؤمن ان مجالس عزاء و محافل ذکر اہلبیت ؑ ،گریہ ،جلوس ، ماتم اور ان تمام امور کے ذریعے اسی بات کا اعلان کرتا ہے کہ ہماری زندگی کا ہر حصہ اہلبیت ؑ کی خاطر وقف ہے انہی کی خوشی میں ہم خوش اور ان کے غم میں غمناک ہیں، اور یہ سب کچھ اہل بیت(علیہم السلام) سے مودت کا اظہار کرتے ہوئے کلام خدا کی تعمیل کرتا ہے۔ لہٰذا قربیٰ کے فضائل اور ان کے مصائب کو بیان کرنا مجالس و محافل کا ترجیحی عنوان اور ان سے مودت کا بہترین اظہار ہے۔

امام رضا ؑ نے ابن شبیب سے جو ارشاد فرمایا تھا اس میں مولا ؑ نے اسی بات کا حکم فرمایا تھا کہ ہماری خوشی میں خوش رہو اور ہمارے غم میں غمگین ہو جاؤ، اس جملے سے بھی یہی استفادہ ہوتا ہے کہ مؤمن کی زندگی کا دکھ اور سکھ سب اہلبیت ؑ سے وابستہ ہے ۔ لہٰذا بنیادی طور پر ان مجالس کے ذریعے فقط اہلبیت (علیہم السلام) کو تعزیت پیش کرنا ہے، نہ کہ کسی اور مقصد کا حصول ہے۔یہ ایک غیر مناسب اور غیر معقول بات ہے کہ اپنے جذبات کے اظہار کےلیے علتیں اور وجوہات تراشی جائیں۔ یہ بالکل ایسے ہی ہے جیسے کہ اپنے پیاروں کے لیےافسردہ اور غمزدہ ہونے سے پہلے انسان کسی وجہ کو تلاش کرے۔ پس ان تمام کا منبع یقیناً وہ مودت اور ایمان ہی ہے کہ جسے آیت مودت میں طلب کیا گیا ہے۔ اس لیے عزاداری کا سب سے بنیادی ترین مقصد مودت اہلبیت ؑ ہی ہے ۔

اس کے علاوہ بھی ایسی بہت ساری احادیث ہیں کہ جن میں مجالس کو قائم کرنے کا کہا گیا ہے ان میں فقط ذکر اہلبیت ؑ اور غم و گریہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ کوئی ایک بھی ایسی حدیث نہیں ہے جو یہ حمایت کرے کہ ایسی مجالس میں 'لازمی' طور پر تبلیغی معاملات یا سماجی امور وغیرہ بیان کیے جائیں،بلکہ اس حدیث مبارک : زینوا مجالسکم بذکر علی ابن ابی طالب ؑ میں بھی اسی بات کہ طرف اشارہ ہے مجالس کی اصل زینت ذکر فضائل علی ؑ ہی ہے ۔

## 6.امام(علیہ السلام) کا کربلا تشریف لانے کا مقصداور مجالس کے انعقاد کا مقصد :

امام(علیہ السلام) کا کربلا تشریف لانے کا مقصداور مجالس کے انعقاد کا مقصد یہ دو علیحدہ معاملات ہیں اور ان کا ایک جیسا ہونا بھی ضروری نہیں ہے۔ جہاں تک امام ؑ کے مقصد کی گفتگو ہے ،ہمارے پاس کوئی مستند روایت نہیں کہ جس میں امام(علیہ السلام) کے مقصد کی وضاحت کی گئی ہے،سوائے ایک روایت کے کہ جسے بحار الانوار میں اعثم کوفی سے نقل کیا گیا ہے( اس روایت کو بعض علماء ضعیف قرار دیتے ہیں) کہ جس میں امام حسین (علیہ السلام) نے مدینہ سے روانگی کے وقت جناب محمد حنفیہؒ کو وصیت فرمائی :

بسم الله الرحمن الرحيم هذا ما أوصى به الحسين بن علی بن أبي طالب إلى أخيه محمد المعروف بابن الحنفية أن الحسين يشهد أن لا إله إلا الله وحده لا شريك له وأن محمدا عبده ورسوله ، جاء بالحق من عند الحق ، وأن الجنة والنار حق ، وأن الساعة آتية لا ريب فيها، وأن الله يبعث من في القبور ، أني لم أخرج أشرا ولا بطرا ولا مفسدا ولا ظالما وإنما خرجت لطلب الاصلاح في امة جدی صلی الله علیه و آله ارید أن آمر بالمعروف وأنهى عن المنكر، وأسير بسيرة جدی وأبي علی ابن أبي طالب ؑ فمن قبلني بقبول الحق فالله أولى بالحق ، ومن رد علی هذا أصبر حتى يقضي الله بيني وبين القوم بالحق وهو خير الحاكمين ، وهذه وصيتي يا أخي إليك وما توفيقي إلا بالله عليه توكلت وإليه انيب.

الله کے نام سے جو رحمٰن اور رحیم ہے یہ وصیت ہے حسین ؑ ابن علی ؑ ابن ابی طالب ؑ کی اپنے بھائی محمد (جو ابن حنفیہ کے نام سے معروف ہیں) بے شک حسین ؑ گواہی دیتا ہے کہ کوئی معبود نہیں سوائے الله کے،کہ جو واحد اور لا شریک ہےاور محمد ؐ ان کے بندے اور رسول ہیں جو کہ حق کے ساتھ حق کی طرف سے آئے،بیشک جنت اور جہنم حق ہے اور قیامت کے آنے میں کوئی شک نہیں ہے اور بیشک الله قبر سے لوگوں کو نکالے گا۔ <u>بیشک میں شر و تکبر اور فساد و ظلم کے لیے نہیں جا رہا بلکہ میں فقط اپنے نانا کی امت</u>

کی اصلاح کی خاطر جا رہا ہوں ،چاہتا ہوں کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کروں اور اپنے نانا اور بابا کی سیرت پر چلوں - پس جو مجھے حق کے ساتھ قبول کرے گاتو پروردگار کا حق قبول کیے جانے کا زیادہ سزاوار ہے اور جس نے مجھے رد کیا (قبول نہ کیا)تو میں صبر کروں گا یہاں تک کہ اللہ میرے اور اس قوم کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ فرمائےگا اور وہ بہترین فیصلہ کرنے والا ہے-یہ میری وصیت ہے،اے میرے بھائی تمہاری طرف-اور توفیق اللہ کے طرف سے ہے اور اسی پر میرا بھروسہ اور اعتماد ہے-

اس وصیت نامے کے الفاظ بھی اسی بات کے گواہ ہیں کہ امامؑ کا جانا اصلاح امت اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے لیے تھا کہ جس کی وضاحت بھی کردی گئی اوراس طریقے کو بھی امام حسینؑ نے بیان کردیا کہ نانا اور بابا کی سیرت کے مطابق ہوگااور ساتھ یہ وضاحت بھی کہ اگر مجھے اللہ کے حق کے ساتھ قبول نہ کیا گیا تو میں صبر کروں گا نہ کہ جنگ و جہاد-

اگر غور کیا جائے تو یہی وہ دوراہہ تھا جہاں ایک طرف دین کی بقا تھی اور دوسری طرف ولایت و خلافت کا حق تھا ، امیرالمؤمنینؑ نے خاموشی اختیار کی اور اپنے حق کو چھوڑ کر دین کی بقا کو اہمیت دی، ویسے ہی حالات میں امام حسن مجتبیٰؑ نے صلح فرمائی تھی-یہی سیرت رسولؐ اور سیرت اہلبیتؑ تھی کہ جس کی پیروی امام حسینؑ کررہے تھےاور دین اسلام کی بقا کی خاطر کچھ وجوہات کے سبب اور حقائق کے پیش نظر جنگ کرنا نہیں چاہتے تھے ، اسی لیے امامؑ جنگ کے بغیر ان معاملات کو سلجھانا چاہتے تھے-اسی طرح دیگرتمام آئمہ(علیہم السلام) کا بھی اس طرح کے حالات پر یہی ردعمل تھا، لہٰذا اس واقعہ کو ظالم کے خلاف بغاوت یا ظلم کے خلاف قیام کرنے کے برابر سمجھنا غیر مناسب ہے-

ان تمام باتوں کی وضاحت کے بعد یہ بات بالکل عیاں ہو چکی کہ کربلا ایک مظلومیت کی داستان ہے نہ کہ قیام و جنگ و جدال کا معرکہ بلکہ اگر ذرا تاریخ پر غور کرنے والا ہو تو یہ سمجھ لے گا کہ اپنے گھر کی خواتین اور ننھے بچوں کو لے کر کون جنگ اور قیام کے لیے نکلتا ہے؟ یہ خود اس بات کی دلیل ہے کہ امامؑ کا پیغام ہدایت تھا نہ کہ جنگ کرنا-

ہدایت بھی فقط احکام جزئی کی حد تک نہیں ،کہ فقط نماز اور روزہ کی بات ہو بلکہ اصل دین ہی خطرے میں تھا کہ جس میں اللہ کی توحید ، رسالت محمدیؐ اور امامت اورقیامت ہر چیز کی حقانیت کا انکار تھا جیسا کہ شام کے منبروں سے کیا جا رہا تھا -

جہاں تک مجلس عزا کا تعلق ہے تو اس کو بیان کر دیا گیا کہ اس کا مقصد خود عزاء اور مظلومیت اور مصائب کا بیان ہے، کہ جو اصل میں اس مودت کا تقاضہ ہے کہ جو ہر مؤمن اہلبیت کرام ؑ سے رکھتا ہے ۔

وہ لوگ جو امام حسین ؑ کے مقصد کو قیام اور جنگ بتاتے ہیں اور مجلس عزا کا مقصد، فقط احکام کی تبلیغ سے جوڑتے نظر آتے ہیں اصل میں یا تو وہ دین کی بنیاد سے ناواقف ہیں یا پھر جان بوجھ کر مجلس عزا کو مودّت اور فضائل اور معارف اہلبیت ؑ سے ہٹا کر ان احکامات جزئی سے مختص کرنا چاہتے ہیں۔ اصل میں ایسے افراد جانے انجانے میں وہی کام کر رہے ہیں کہ جو مولائے کائنات ؑ کے دشمنوں نے کیا۔ان لوگوں نے ایسے افراد کو مولائے کائنات ؑ کے حق سے غافل کرنے کے لیے نماز ،روزہ ،حج اور دیگر عبادات کی طرف ایسے لگا دیا کہ وہ اس اصل دین اور ولایت امیرالمؤمنین ؑ (جو کہ دین کی اساس ہے) سے غافل ہوجائیں اور ان کی توجہ دشمنوں اور حقِ امیرالمؤمنینؑ کے غاصبوں سے دور ہو جائے اور دشمنان اہلبیت کی دکانیں چلتی رہیں۔

اس قسم کے اعتراضات کا پیش ہونا اور لوگوں کے ذہنوں میں ڈالا جانا خود اس بات کی دلیل ہے کہ جو لوگ مودت اور عقیدت سے عاری ہوکر دین چاہتے ہیں وہ یہی ساری باتیں کرکے لوگوں کو گمراہ کرتے ہیں ۔کئی صدیاں گذ ر گئیں مصائب آل محمد ؑ کو بیان ہوتے ہوئے اور عزاداری اور ماتم کرتے ہوئے لیکن جس طرح کی وہابیت اور خباثت اب کچھ برسوں(دہائیوں) سے تشیع اور خاص طور پر عزاداری میں پیدا کی جارہی ہیں وہ انتہائی عجیب ہیں کہ جس نے مؤمنین کے قلوب کو ایسے مجروح کیا ہے کہ جس سے آج یہ بنیادیں ہلتی نظر آرہی ہیں ، بلکہ یوں کہنا غلط نہ ہوگاکہ جب فلسفیانہ اور عرفانی انداز کی شیعیت برصغیر کے بھولے بھالے نادان اور عقیدت مند شیعوں پر حملہ کیا تو نہ صرف ان کے عقائد اور بنیادوں کو خراب کیا بلکہ انہیں ایسی فکروں کی طرف لگا دیا کہ جس نے دین اہلبیت ؑ کو نہ فقط نقصان پہنچایا بلکہ اصلاً دینِ اہلبیت ؑ کے چہرے کو بھی مسخ کردیا ، وہ عزاداری جو کہ مظلوم امام ؑ کی یاد میں عقیدت کا اظہار اور رسول اللہ ؐ اور شہزادی کونین ؑ اور ان کے گھرانے کو پرسہ دینے کا نام تھا ،اسے احتجاج کا نام دے کر اپنے مفاد کے لیے قوم کو گمراہ کیا گیا ،مجلس عزاء جو کہ فضائل اور مصائب اہلبیت ؑ کے تذکرہ کا نام تھا اسے تبلیغ کے نام پر معاشی و معاشرتی مسائل کی گفتگو بنا کر خراب کیا گیا، جب کہ یہ ساری تبلیغات درمیانِ سال میں ہونے والے ان دروس کا حصہ تھی جس میں لوگوں کو عمل کی ترغیب دلائی جاتی تھی مسجدوں میں علماء اس کام کو انجام دیتے تھے ،جیسے کہ اہلبیت ؑ ساراسال ان مسائل کو بیان فرماتے لیکن ایام عزا میں فقط اہلبیت ؑ کی عظمت اور مصائب کا تذکرہ ہوتا تھا۔